رجسٹرڈ ایل ۸۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ انّ اللہ لا یغیّر ما بقومٍ حتیٰ یغیّروا ما بانفسہم۔

قیمت پیشگی عوام سے سالانہ عہ خواص اور معاونین سے ۵ ہندوستان سے باہر ۷

ایڈیٹر شیخ یعقوب علی تراب احمدی

الحکم

شنبہ رمضان ۱۳۱۹ھ

نمبر ۴۷ | دار الامن و الامان قادیان ۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۰۱ء | جلد ۵

کلمات طیبات
حضرت امام آخر الزمان سلّمہ الرحمٰن

(گذشتہ اشاعت سے آگے)

بدی ایک ایسا ملکہ ہے جو انسان کو ہلاکت کیطرف لیے جاتا ہے اور دل بے اختیار ہو ہو کر قابو سے نکل جاتا ہے خواہ کوئی یہ کہے کہ شیطان حملہ کرتا ہے خواہ کسی اور طرز پر اسکو بیان کیا جاوے یہ ماننا پڑے گا کہ آجکل بدی کا زور ہے اور شیطان اپنی حکومت اور سلطنت کے قائم کرنا چاہتا ہے بدکاری اور بیحیائی کے دریا کا بند ٹوٹ پڑا ہے اور وہ اطراف میں طوفانی رنگ میں موجزن ہے پس کسقدر ضروری ہے کہ اللہ تعالےٰ جو ہر مصیبت اور مشکل کیوقت انسان کا دستگیر ہوتا ہے اسوقت اُسے ہر بلا سے نجات دے چنانچہ اُس نے اپنے فضل سے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے اور دنیا نے اس سیلاب سے بچنے کے واسطے مختلف حیلے تراشے ہیں اور پیدا کر لیئے ہیں کہا ہے عیسائیوں نے جو کچھ پیش کیا ہے وہ ایک ایسی بات ہے کہ جس کے بیان کرنے سے بھی شرم آتی ہے۔ پس اسکا علاج وہی ہے جو خدا نے انسان کی فطرت ہی میں رکھا ہوا ہے یعنی یہ کہ وہ مفید اور نفع رساں چیز کیطرف رغبت کرتا ہے اور مضر اور نقصان رساں چیزوں سے دور بھاگتا ہے اور نفرت کا اظہار کرتا ہے دیکھو سونے اور چاندی کو اپنے لیے مفید سمجھتا ہے تو اسکی طرف کیسی رغبت کرتا ہے اور کن کن محنتوں اور مشکلات سے اسے بہم پہونچاتا ہے اور پھر کن کن حفاظتوں سے اسے رکھتا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص سونے چاندی کو تو پھینک دے اور اس کے بجائے مٹی کے بڑے بڑے ڈھیلے اُٹھا کر اپنے صندوقوں میں بند کر کے انکی حفاظت کرنے لگے تو کیا تم اُسکی دیوانگی کا فتویٰ نہ دیگے؟ ضرور دیگے۔

اسی طرح

پر جب ہمیں یہ محسوس ہو جاوے کہ خدا ہے اور وہ بدی سے نفرت کرتا اور نیکی کو پیار کرتا ہے اور نیکیوں کو عزیز رکھتا ہے تو ہم دیوانہ وار نیکیوں کی طرف دوڑینگے اور گناہ کی زندگی سے دور بھاگیں گے یہی ایک اصول ہے جو نیکی کی قوت کو طاقت بخشتا اور نیکی کے قویٰ کو تحریک دیتا ہے اور بدی کی قوتوں کو ہلاک کرتا اور شیطان کی ذریت کو شکست دیتا ہے۔

جب واقعی طور پر اس آفتاب کی طرح جو اسوقت دنیا پر چمکتا ہے خدا پر ہمیں یقین حاصل ہو جاوے اور ہم خدا کو گویا دیکھ لیں تو یقیناً ہماری سفلی زندگی پر موت وارد ہو جاتی ہے اور اس کے بجائے ایک آسمانی زندگی پیدا ہو جاتی ہے جیسے انبیا علیہم السلام اور دوسرے راستبازوں کی زندگیاں تھیں۔

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ خدا کی رحمت فرمانبرداروں اور راستبازوں پر ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ کے حضور نیکی اور پاکیزگی کا تحفہ لے کر جاتے ہیں اور شرارتوں اور بدکاریوں سے اس لیے دور رہتے ہیں کہ وہ جانتے ہیں کہ یہ خدا تعالیٰ سے بعد اور حرمان کا موجب ہیں۔ ایسے لوگ ایک پاک چشمہ سے دھوئے جاتے ہیں جسکا

عید

قریب آگئی! عید فنڈ کی فکر کرو

ہمارے ناظرین خوب آگاہ ہیں کہ گذشتہ سال میں مدرسہ تعلیم الاسلام کو عید فنڈ سے ایک معقول رقم مل گئی تھی اور یہ بھی اُنھیں معلوم ہے کہ یہ فنڈ مستقل کر دیا گیا ہے اب چونکہ عید قریب آ رہی ہے اس لیے الحکم کے ذریعہ تمام فرقہ احمدیہ کے مسلمانوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ حسب معمول فی کس عہ یا حسب توفیق اس سے زیادہ یا کم مدرسہ کی عام اغراض کے لیے چندہ دے اور مساکین فنڈ کے لیے الگ صدقۃ الفطر عطا کر۔ اس چندہ کے جمع کرنے کی سب سے بہتر تجویز یہ ہے کہ عیدگاہ میں جب احباب نماز کے لیے جمع ہوں تو اس سے پیشتر کہ نماز میں مصروف ہوں یہ چندہ جمع کر لیا جاوے اور اسی دن یا دوسرے دن جیسا موقع اور مصلحت ہو روانہ کر دیا جاوے ہم اُمید کرتے ہیں کہ اس مرتبہ اس تجویز پر پورا پورا عمل کیا جاوے گا اور اگر احمدی قوم کا ہر فرد اس موقع پر ایک روپیہ دیدے قطع نظر اس کے کہ بعض پانچ پانچ یا دس یا دس یا بعض ہر یا ہر دینے والے ہیں تو ہم اُمید کر سکتے ہیں کہ کئی ہزار روپیہ مدرسہ کو مل جاوے لیکن ہم از کم احمدی قوم سے عید کی تقریب سے تین ہزار ہی کی اپیل کر دیتے ہیں۔ اے احمدی قوم! ہمیں شک نہیں کہ تو چندوں کے بوجھ کے نیچے سنت اللہ کے موافق دبی ہوئی ہے مگر ہمیں یہ بھی یقین ہے

کہ تیرا ایمان لن تنالوا البر حتے تنفقوا مما تحبون پر ہے

اس لیے مدرسہ تعلیم الاسلام کو تو اس خوشی کی تقریب پر ہرگز نہ بھولے گی۔ ہر شہر کی انجمن احمدیہ کا یہ اہم مقصد ہونا چاہیے کہ اس موقع پر پوری سعی اور کوشش سے روپیہ جمع کر کے ارسال کرے سنہ ۱۹۰۲ء کے لیے مدرسہ کے اخراجات ایک ہزار روپے ماہانہ تک پہونچتے ہوئے نظر آتے ہیں کیونکہ سائنس کے آلات کا منگوانا عمارت مدرسہ کو وسعت دینا وغیرہ وغیرہ بعض اہم امور زیر نظر ہیں۔ پس دوستو! اس موقعہ کو غنیمت سمجھکر ہمت کرو۔

ندوۃ العلما

کے نام جو خط حضرت مولانا مولوی عبد الکریم صاحب سلمہ ربہ کا شائع ہوا ہے اسپر جسقدر اظہار مسرت قوم نے کیا ہے وہ اس خلوص اور للھیت کی دلیل ہے جو اسکے لکھنے والے میں ہے یہانتک کہ اکابران ملت نے اسپر انبساط خوشی کا اظہار فرمایا اور خود حضرت خلیفۃ اللہ المہدی جری اللہ فی حلل الانبیاء نے اسے سنا اور بڑی خوشی ظاہر فرمائی۔ اور انگریزی رسالہ میں بھی اس کے شائع کیے جانے کا حکم دیا۔ چنانچہ میگزین کی کسی اشاعت میں یہ خط شائع کیا جاویگا انشاء اللہ تعالےٰ پمفلٹ کیصورت میں اس خط کو چھاپنے کے لیے حضرت مولانا صاحب اسپر نظر ثانی کر کے کچھ اور بھی ایزاد کرنا چاہتے ہیں اور اُمید کی جاتی ہے کہ عنقریب اس کا طبع ہونا شروع ہو جاویگا

اخویم حکیم فضل الدین صاحب مہتمم کتب خانہ حضرت اقدس احباب کو اطلاع دیتے ہیں کہ وہ قاعدہ یسرنا القرآن جسپر حضرت صاحبزادہ شریف احمد صاحب وجناب مبارکہ بیگم صاحبہ نے بہت چھوٹی عمر میں قرآن شریف پڑھ لیا ہے اور جسکا اعلان متعدد مرتبہ الحکم میں شائع ہو چکا ہے۔ اب بہمہ وجوہ طیار ہو کر شائع ہو گیا ہے اسکے رجسٹری ہونے میں کسیقدر توقف ہو جانے کے باعث جن دوستوں کی درخواستوں کی تعمیل نہیں ہو سکی وہ براہ کرم پھر حکیم صاحب کو اطلاع دیں وہ ان درخواستوں کو محفوظ نہیں رکھ سکے قیمت علاوہ ڈاک ۲ہ ہے۔ اس قاعدہ کے خریدنے میں بہت جلدی کرنی چاہیے ورنہ پھر دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا کیونکہ یہ قاعدہ ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جاوے گا جو صاحب اپنے بچوں یا بیویوں کو بہت جلد قرآن شریف اور اردو سکھانا چاہتے ہوں وہ اس کے خریدنے میں دیر نہ کریں۔

آیات الرحمٰن یہ قابل قدر کتاب مکرمی مولوی سید محمد احسن صاحب نے کتاب عصای موسیٰ کے رد میں لکھی ہے اور مصنف عصای موسیٰ کے اوہام کا ایسا استیصال کر دیا ہے کہ اب اسکو اپنی وہ کتاب ایک درد انگیز عذاب محسوس ہوگی تجویز قرار پائی ہے کہ اس کے چھپنے کے لیے اسطرح سرمایہ جمع ہو کہ ہر ایک صاحب جو خریدنا چاہیں ایک روپیہ جو اس کتاب کی قیمت ہے بطور پیشگی روانہ کر دیں۔ یہ خواہش ہے کہ جلد تر یہ کتاب چھپ جاوے اس لیے یہ انتظام کیا گیا ہے والسلام
خاکسار میرزا غلام احمد قادیانی

حسبل مصفیٰ۔ مولفہ جناب میرزا خدا بخش صاحب ابو العطا۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی کی تصدیق میں اور معترضوں کے اعتراضوں کے دندان شکن عقلی

ایک افیونی اور کفر کی منڈی کے ٹھیکیدار ملا کا بیہودہ اعتراض

قولہ مرزا صاحب نے اپنی تالیفات میں دعوی نبوت اور رسالت کا کیا ہی اور یہ آیت خاتم النبین اور حدیث لا نبی بعدی کے خلاف ہے۔ ایسے یہ کفر ہے

اقول چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطاست ۔ سخن شناس نۂ دلبرا خطا اینجاست ۔ آپ لوگ بسبب بخل و عناد و نفاق فی قلوبہم مرض کے مصداق بنگئے ہیں اس لیے یہ شعر بھی آپ پر صادق آگیا۔

تخم دشیریں بمذاق دل رنجور تلخیست
بے بصیرت چہ شناسد سخن کامل را

آیت اور حدیث میں نبوة و رسالت تشریعی کا ختم مراد ہے نہ غیر تشریعی کا ورنہ حدیث رویا المؤمن جزء من ستة واربعین جزء من النبوة ۔ مشکوة کتاب الرویا ۔ اور آیہ یمعشر الجن والانس الم یاتکم رسل منکم یقصون علیکم ایاتی وینذرونکم لقاء یومکم ھذا ۔ سے ثابت ہے کہ خدا تعالے قیامت کو تمام ان لوگوں کو جو اسنے ہدایت خلق اللہ کے واسطے دنیا میں بھیجے تھے سب کو رسول کے لفظ سے پکارے گا جسمیں کل مامورین اللہ شامل ہیں آیت اور حدیث سے نبوة و رسالت غیر تشریعی امت محمدیہ کے لیے ثابت ہے ۔ باقی رہے مرزا صاحب کے مضامین ۔ وہ تو بالکل قرآن اور حدیث کی تفسیر ہے مگر چونکہ آپ اسکو سمجھ نہیں سکتے اسلیے میں علماء دین کی تالیف سے چند اقوال پیش کرتا ہوں ذرہ غور سے مطالعہ کیجیے وہو ہذا

الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ لقد جاءت رسل ربنا بالحق صلوٰة اللہ تعالے وتسلیماتہ وسبحانہ علیھم وعلی اتباعھم واعوانھم وخزینة اسرارھم للتابعین انبیاء علیھم الصلوة والتسلیمات بجہت کمال متابعت و فرط محبت بلکہ محض عنایت و موہبت جمیع کمالات انبیا متبوعہ خود را جذب می نماید و بکلیت برنگ ایشان منصبغ میگردند حتی کہ فرق نمی ماند درمیان متبوعان و تابعان الخ دیکھو مکتوبات امام ربانی جلد اول ص۲۶۲ پھر صفحہ ۵۵۵ میں لکھا ہے ای فرزند این وقت ہست کہ در امم سابقہ در چنین وقتیکہ پر از ظلمت ست پیغمبرِ اولوالعزم مبعوث می گشت و احیاء شریعت جدیدہ میکرد و درین امت کہ خیر الامم ست و پیغمبر ایشان خاتم الرسل علیہ وآلہ الصلوة والتسلیمات علماء را مرتبہ انبیاء بنی اسرائیل دادہ اند و بوجود علما از وجود انبیا کفایت فرمودہ اند لہذا بر سر ماة از علماء این امت مجددے تعیین می نمایند کہ احیاء شریعت فرماید ۔ علی الخصوص بعد از مضی الف کہ در امم سابقہ وقت بعثت پیغمبر اولوالعزم ست و بر پیغمبرے دران وقت اکتفاء نمودہ اند در چنین وقت عالمے عارفے تام المعرفت درکار ہست کہ قائمقام اولوالعزم امم سابقہ باشد

فیض روح القدس ار باز مدد فرماید
دیگران ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد

پھر مقدمہ تفسیر حضرت شاہی ص۱۰۱ میں لکھا ہے ۔ حدیث شریف میں آیا ہی جسکا خلاصہ یہ ہے کہ ایک روز امام ہمام مہدی علیہ السلام کی خصوصیات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائیں جسمیں سوائے اور خصوصیات کے نام والدین ماجدین اور نام نامی اپنا ایک ہی فرمایا صحابہ نے عرض کیا آیا خود بدولت ہی تشریف فرماوینگے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا ۔ اسکی اصل تو حقتعالی ہی کو معلوم ہے لیکن بظاہر ایسا دریافت ہوتا ہے کہ چونکہ امام ہمام مظہر اتم کمالات مصطفوی ہونگے مراتب نبوة کے وہ بھی جو اصالة ہیں واقعہ میں فرق تشخص کا ہے کہ حقیقت کی ظہور کے وقت خیال تشخص نظر دل میں باقی نہیں رہتا نظر براں سکوت فرمایا ۔ ہمیں نہ ختم لازم آیا اور نہ برابری جناب رسالت مآب کے ساتھ اور علو شان مہدی علیہ السلام میں کچھ شک نہیں ۔ انتہی ص۱۰۱ مقدمہ تفسیر حضرت شاہی ۔ پھر اقتباس الانوار صفحہ ۵۲ میں لکھا ہے میر سید حسن در شرح فصوص الحکم می نویسد کہ نزد محققان محقق ست محمد بود بصورت آدم در مبدء ظہور نمود و ہم او باشد کہ بصورت خاتم (مہدی) ظاہر گردد۔

اب ہم تو نہیں کہہ سکتے کہ مرزا غلام احمد قادیانی بول رہا ہے ہمارا تو یہ عقیدہ ہے کہ وہی خاتم الانبیاء ہم غریبوں کی دستگیری کے لیے مرزا غلام احمد قادیانی کے لباس میں تشریف لائے ہیں

مزید براں نبوة غیر تشریعی علماء امت محمدیہ میں ہوتی رہی ہے دیکھو مقدمہ تفسیر حضرت شاہی ص۹۵ مراد از پیغمبری و پیشگو (نبوة) نہ نبوة تشریعی ست بلکہ بمعنی خبر دہندہ کہ بسیارے اولیاء امت بعد حضور علیہ السلام شدہ اند و می شوند ۔ انتہی

اور یہ بھی ظاہر کردینا ضروری ہے کہ اگر یہ سوال ہو کہ حضرت مرزا صاحب کو یا کسی اور مجدد کو رسول اللہ یا نبی اللہ کے نام سے کیوں نہیں پکارتے سو اسکا جواب یہ ہے کہ عوام جو فرق مابین نبوة تشریعی و غیر تشریعی نہیں جانتے ان کے سامنے کسی مجدد نبی اللہ کے نام سے موسوم کرنا ان کے واسطے خطرناک امر ہے جس سے کہ عقیدہ ختم نبوة و رسالت تشریعی اٹھ جائے گا اور یہ کفر ہے اور حضرت مرزا صاحب کے لیے یہ الفاظ بولنے جائز ہیں کیونکہ آپ

مختلف خبرین

اسٹامپ سے معافی۔ گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ جدید ہین قانون انتقال اراضی پنجاب کی دفعہ ۵ ضمن دفعہ ۲ کے مطابق کسی سابق رہین کی بجائے کیا جائے۔ اسکی دستاویز پر سابقہ رہن کی دستاویز کے اسٹامپ کی مالیت وضع کر کے اسٹامپ لگایا جائے۔ یعنے اگر نئی دستاویز کے لئے بروئے قانون پانچ روپیہ کا اسٹامپ چاہئے اور سابقہ دستاویز تین روپیہ کے اسٹامپ پر ہے تو نئی دستاویز صرف دو روپیہ کے اسٹامپ پر لکھی جائے۔

مسٹر ولیم - رٹیگن لاہور پنجاب کے مشہور بیرسٹر جو آجکل ولایت مین ہین - اور پارلیمنٹ کے ممبر بھی ہوگئے ہین - اس بات پر زور دے رہے ہین - کہ ولایت کی قانونی تعلیم کے نصاب مین شرع محمدی کو بھی لازم مضمون کے طور پر داخل کیا جائے۔

متھرا - کے مشہور متوفی سیٹھ کی جایداد کے انتظام کے متعلق متوفی کی بیوہ اور بڑے لڑکے مین جو مقدمہ دائر تھا - اسکا فیصلہ ہوگیا ہے۔ ڈسٹرکٹ جج نے لڑکے کو بوجوہات متعدد ناقابل اور رانی کو بوجہ پردہ نشین خاتون ہونے کے معذور قرار دیکر جایداد کورٹ آف وارڈس کے سپرد کی ہے لڑکے نے بعض بیان مختلف لکھائے اور بعض غلط عدالت اسپر ابھی غور کریگی کہ آیا لڑکے پر حلف دروغی کا مقدمہ دائر کیا جاوے یا نہیں - ریاست رامپور نے اسی سیٹھ کو کئی لاکھ روپیہ قرض دیا تھا۔

طاعون قصبہ قصور - پھلور - روپڑ - جالندھر - اور ریاست نابھہ مین بھی نمایان ہوگئی ہے۔ ضلع سیالکوٹ اور دیگر بازدہ علاقو مین وہ بتدریج پھیلتی جارہی ہے۔

فوجی خبرین میرٹھ کی چاندماری ۱۲ دسمبر کو ختم ہوئی ساٹمن کے بعد دیگر انعامات کے لئے مقابلہ ہوا - مہاراجہ سندھیا کا عطا کردہ ایکسو روپیہ کا انعام صوبہدار گنگا سنگھ ۲۶ پنجاب انفنٹری نے لیا - ۲۴ کو میم صاحبات نے چاندماری کی جس مین تیرھوین میچ مین پیاری میر ناز ا - ۲۶ پنجاب انفنٹری ۱۸ وین میچ مین حوالدار بھاگ سنگھ ۳۱ پنجاب انفنٹری اور ۱۹ وین مین نائک اندر سنگھ پلٹن مذکور اول رہا - خاتمہ جلسہ پر کرنیل ول کوٹ نے ایک طویل تقریر کر کے مختلف فوجی معاملات اور فن حرب کے متعدد شعبوں پر قابل غور خیالات اور آرائے ظاہر کین۔

یوروپین۔ تہذیب اور پادریانہ شائستگی اور انجیلی اخلاق کا پچھلی مہینہ خاص بیت المقدس کے متبرک ترین مسیحی معبد مین یونانی کلیسا اور لاطینی کلیسا کے معتقد راہبون نے بہت اچھا نمونہ دکھایا - کینسہ کے صحن کو صاف کرنیکے استحقاق پر تنازعہ ہوا - مقامی حکام نے قیام امن کے لئے کچھ ترکی سپاہیون کا پہرہ بٹھا دیا ادھر دونون گروہون کے سینون مین آتش غضب برابر مشتعل رہی آخر ایک دن اون سے ضبط نہ ہو سکا - اور محافظ سپاہیون کو قلیل الجمعیت دیکھکر دونون فریق آپس مین گتھ گئے لمبی لمبی گونون والے تقدس مآب راہبین نے پتھر - لاٹھی - گھونسہ ہاتھ - دانت - تلوار - تبر - الغرض جو ہتھیار وقت پر کام دیگیا - اوس سے دل کی خوب بھڑاس نکالی - ترکی سپاہی بیچارے چھڑانے کو دوڑے مگر معدودے چند طوفان بے تمیزی مین کیا کر سکتے تھے - اون افسر میجر سعید بک کو ایک پادری صاحب کی کلہاڑی سے چہرہ پر ایسی ضرب لگی - کہ آنکھ کا ڈھیلا باہر نکل گیا - کئی پادری ہلاک اور زخمی ہوئے ایک فریق روس کی حمایت مین ہے اور دوسرا فرانس کی اگر ترکون کا سایہ سر پر نہ ہو تو یہ ایک دوسرے کو کچا چبا جائین - دونون فریق کے بطریق اور دونون ممالک کی سفیر بیداد کی کوشش کر رہے ہین - غریب میجر کو دیکھئے آنکھ کا معاوضہ کیا ملتا ہے جنگ کریمیا کی بنیاد بھی ایک ایسی قسم کا تنازعہ ہوا تھا تفصیل کے لئے تاریخ خاندان عثمانیہ جلد دوم مطالعہ کیجائے۔

مصالحات عدن کے ترکی و انگریزی علاقہ کی حدبندی کے لئے فریقین کے کمشنر عدن پہونچ گئے ہین - ترکی کمشنر کرنل مصطفیٰ رضوی و لفٹنٹ کرنیل ابراہیم بیگ ہین اور انگریزی کمشنر کرنیل وہب میجر ڈیویس (صیغہ پولٹیکل) و لفٹنٹ ٹانڈی (محکمہ پیمائش) ہین۔

سرکاری سفارت ۴ر دسمبر کو کابل پہنچی - اور فاتحہ خوانی و مبارکباد سے فارغ ہوکر ۱۱ دسمبر کو کابل سے روانہ ہوئی وہ ۲۰ دسمبر کو پشاور پہونچ گئی ہوگی۔

باب عالی نے سردست چھ لاکھ پونڈ موجودہ اشد ضروریات کے لئے زرعی بنک کی آمدنی کی مد کی کفایت پر عثمانیہ بنک کی معرفت یورپ سے قرض لیا ہے - بقول ٹائمز موسم بہار میں ایک بھاری رقم قرض لے گا جس مین یہ ۶ لاکھ کی رقم مجرا دیجائیگی۔

فرنچ افریقی مقبوضہ الجیریا کی دیسی آبادی جو صدی گذشتہ کے پہلے ثلث تک سلطنت عثمانیہ کے تابع تھا بوقت فتح مین ۳۰ لاکھ تھی اب ۴۱ لاکھ ہے فرانسیسی ۳ لاکھ کے قریب ہے - اور اسیقدر دیگر اقوام کے اجنبی +

مصر کی آمدنی سال آئندہ کے بجٹ مین ایک کروڑ گیارہ لاکھ ساٹھ ہزار پونڈ اور خرچ ایک کروڑ ساڑھے آٹھ لاکھ پونڈ اندازہ کیا گیا۔

امریکہ نے مسٹر گرسکوم کو طہران مین اپنا سفیر مقرر کیا ہے جہان وہ قسطنطنیہ کے راستہ گیا - سلطان المعظم نے اوسے مع لیڈی صاحبہ شاہی محل مین مدعو کیا اور ضیافت کے بعد پرائیویٹ ملاقات کی بھی عزت بخشی +

دلچسپ واقعات

رنگون مین ایک دیسی سپاہی نے ناک کی فہمائش سے بگڑ کر اوسے قتل کر دیا پھر کئی دیسی اور یورپین اشخاص پر گولیان چلا کے رکہہ اپنے تئین بہی گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

کلکتہ کا شرف سال آئندہ کے لئے ایک پارسی مسٹر رستم جی مقرر ہوا ہے

گوا مق بتاریخ ۳ دسمبر جس دن وہان ایک مقامی مسیحی تیوہار تہا۔ اور ہزارون خوش اعتقاد ایک عیسائی ولی کی قبر کی زیارت کو جا رہے تہے۔ زائرین کا ایک جہاز سوارون کی کثرت کے باعث شہر کے عین متقابل کنارہ سے صرف پچاس گز کے فاصلہ پر ڈوب گیا اور تخمیناً ڈیڑہ سو جانین ہلاک ہوئیں۔

ملکہ مرحومہ کی پہلی جوبلی یادگار مین جو پبلک ہال مدراس مین بنایا گیا تہا۔ اس کے لئے کافی چندہ نہ جمع ہوا تہا۔ اور تکمیل کے لئے ہال کی کفالت پر ۵۷ ہزار روپیہ مہاراجہ وزیانگرم سے قرض لیا گیا تہا۔ مہاراجہ صاحب نے تو میعاد کے گذرنے پر کوئی مطالبہ نہ کیا تہا۔ مگر کورٹ آف وارڈس نے جو انکی وفات کے بعد مقرر ہوا ہال کو قرق کے جانے کی درخواست دیدی ہے گورنر مدراس لارڈ ایمپٹ ہل نے دس ہزار روپیہ باقی رقم چندہ سے جمع ہو جانے کی صورت مین اپنی گرہ سے دینے کا وعدہ کیا ہے۔

عیسائی دیسی عیسائی عورتون کو طبابت اور تبلیغ کا کام سکہانے کے منے لئے جنوری سے الہ آباد مین ایک تبرا زنانہ مدرسہ کہولنے والے ہین۔

ارض روم کے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے انگریزی وزیر خارجیہ نے ہی ولایت مین چندہ کی فہرست کہولی ہے (جزاہ اللہ جزاءً خیرا)

شاہ ایران جب پچہلی سال یورپ گئے تہے تو آپنے پیرس کی ایک ایجنسی کو تا اقامت یورپ تمام اہم خبرین بذریعہ تار بہیجتے رہنے کا حکم دیا تہا۔ ایجنسی نے اس خدمت کے معاوضہ مین بارہ ہزار فرانک کا بل ایرانی سفیر کو دیا جنہے مطالبہ کو بہت زیادہ بتا کر دو ہزار فرانک پیش کئے ایجنسی نے اس رقم کو نامنظور کر کے شاہ کی خدمت مین عرضی دی۔ طہران سے جواب آیا کہ تمہین اسی روپیہ کا لینا چاہئے۔ لیکن جب کئی ماہ تک روپیہ نہ پہونچا تو ایجنسی نے منیجر شاہ کے برخلاف پیرس مین دعوے دائر کر دیا جسکی اطلاع عدالت کیطرف سے طہران بہیجی گئی ہے اور تاریخ اپریل آئندہ مین ڈالی گئی ہے۔

سلطان جوہور بہی پیرس مین مقدمہ بازی سے نہ بچے کہ آپ کرایہ کے ایک گہوڑے گاڑی پر ایک دوست لیڈی کو سوار کر کے سیر کو گئے گہوڑا اکھڑ کا اور مع سوار گر پڑا۔ لیڈی کو چوٹ آئی اور گہوڑا مر گیا۔ مالک گہوڑے کا معاوضہ مانگتا ہے۔ اور سلطان لیڈی کو چوٹ آنیکا ہرجانہ کہ گہوڑا اسکا ہرا ہوا نہ تہا۔

دنیا مین عورتون کا اکیلا روزانہ اخبار
یہ اخبار جس کا نام لافرانڈ ہے پانچ سال سے بڑی کامیابی سے پیرس دار السلطنت فرانس سے شایع ہوتا ہے سب سے پہلے جب اسکا پرا سپکٹس شایع ہوا اور انگلستان مین خبر پہنچی کہ ایک باہمت فرانسیسی عورت میڈم ڈورانڈ نامی عورتون کا روزانہ اخبار پیرس ایسے شوقین اور عیش دوست شہر سے جاری کرنا چاہتی ہے تو تمام انگریزی اخبارات نے اس خیال پر مضحکا اڑا کر اس نئے اخبار کی موت کی پیشینگوئی کر دی تہی۔ لیکن میڈم ڈورانڈ نے نہ صرف اپنے قول کو مردانہ اور جانثار ثابت کیا بلکہ اپنا تمام سٹاف عورتون ہی کا تیار کیا۔ حتی کہ اسوقت لافرانڈ کے کارخانہ واقع روڈی لافیٹ پیرس مین۔ ایڈیٹر۔ کلرک۔ دفتری۔ ٹائپ رائٹر کمپوزیٹر۔ پریسمین۔ قلی۔ اور چپراسی سب کا کام عورتین ہی سرانجام دیتی ہین۔ میڈم ڈورانڈ اخبار کی پالیسی کو قائم رکہتی ہے۔ اور ایک دوسری عورت میڈم فورنیٹر نامی اخبار کی چیف ایڈیٹر ہے لافرانڈ کے دفتر کے متعلق ایک لائبریری بہی قائم ہے جسمین زمانہ گذشتہ و زمانہ حال کی تمام فرانسیسی مصنف عورتون کی تصانیف رکہی ہین اخبار کی پرچہ کی قیمت صرف نصف پنس ہے۔

چاء کے ذریعہ فربہی دور کرنے کا عجیب و غریب علاج
فرانس کے نامی گرامی اور مشہور و معروف طبیب ڈاکٹر البرٹ رابن نے فربہی کا ایک نیا علاج چاء کے ذریعہ سے ایجاد کیا ہے اور اس کے مریضون یا یون کہئے کہ اس سے علاج کرانیوالون مین قیصر جرمن بہی شریک سمجھے جاتے ہین۔

اس علاج کی خاصیت یہ بیان کیجاتی ہے کہ آدمی خواہ کیسا ہی دیو نژاد کیون نہ ہو وہ سکڑ کر دیکہتے ہی دیکہتے بالکل چہریرا اور پست قد ہو جاتا ہے جو لوگ علاج کراتے ہین انکو صبح کے آٹہہ بجے ناشتہ مین بے دودہ و بے شکر کی چاء کی ایک پیالی تولہ سوا تولہ گوشت کا ٹکڑا یا مچہلی کہانے کو دیجاتی ہے دس مین تک انکو بہگایا جاتا ہے اور ایک گہنٹہ تک اور ریاضت کرائی جاتی ہے پہر صبح کے گیارہ بجے انکو چاء کی ایک دوسری پیالی اُبلے ہوئے انڈے کے ساتہہ دیجاتی ہے پہر سہ پہر کو اگر ان لوگون کو بہوک معلوم ہوتی ہے تو انکو ایک ٹکڑا گوشت کا یا مرغی کا جوڑہ سرکہ مین بہیگی ہوئی ایک روٹی اور بے دودہ اور شکر کی چاء دیجاتی ہے پہر شام کے چار بجے ان لوگون کو صرف چاء کی پیالی دیجاتی ہے۔ شام کے سات بجے اُن لوگون کو وہی چیزین ذرا کم مقدار مین کہانیکو دیجاتی ہین جو سہ پہر کے ناشتہ مین دیگئی تہین۔ اور چاء کی پیالی پلائی جاتی ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے

سوال یہ ہوتا ہے کہ چار پینے کے بغیر بھی فقیر آدمی اس علاج سے فائدہ اٹھا سکتا ہے؟ اس علاج میں بھید یہ ہے کہ جب چار کے ذریعہ سے مریض کے ہیجان پریشان کیا جاتا ہے اسوقت وہ فاقہ کے اثر سے متاثر ہو کر دبلا ہوتا ہے۔ مسکہ۔ آلو۔ اور تمام نشاستہ دار چیزیں مریض کو دیجانی بند کر دیجاتی ہیں چار کا لٹکا جو ہمیں لگایا گیا ہے وہ صرف اس خیال سے کہ یہ نہ معلوم ہو سکے کہ علاج موثر کسطرح ہو سکتا ہے یا صرف ایک لوٹے و پانی اور سب سے بڑھ کر صرف گرم پانی سے بھی یہ غرض پوری ہو سکتی ہے۔

مقبرہ کی لوٹ۔ ایشیا کے مشہور فاتح تیمور لنگ کی قبر سمرقند میں پائی جاتی ہے اور خبر آئی ہے کہ اس مقبرہ پر چور پڑے اور یہاں علم قدامت کی دلچسپی کی نہایت قیمتی چیزیں تھیں وہ سب کچھ اکھاڑ لے گئے ہیں اس قبر کے اوپر یادگار کی قیمتی تختی تھی وہ بھی جاتی رہی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حفاظت کا انتظام خاطر خواہ نہیں تھا۔

سستے قسم کا جرم جاپان میں اگر کوئی کتا رات کو بھونکے تو اس کے مالک کو گرفتار کر لیا جاتا ہے اور ایک سال تک اس سے مصیبت کا کام لیا جاتا ہے ہم نہیں جانتے کہ مالک کیونکر کتے پر اسقدر کنٹرول حاصل کر سکتا ہے کہ وہ رات کو نہ بھونکے اور کتے کے فعل کا وہ کیونکر ذمہ وار کیا جاتا ہے۔

ہر مذاق کے شہر۔ اگر خدا نے آپ کو کم آمدنی دی ہے تو موزا سویڈن کے قصبہ آرسا میں تشریف لے جایئے وہاں ٹیکس ہے نہ بچوں کی پڑھائی دینی پڑتی ہے۔ ٹیلیفون مفت استعمال کیجیے۔ ٹریم گاڑی پر مفت سوار ہو جیے۔ وہاں میونسپلٹی کی آمدنی لکڑی کی فروخت سے اسقدر ہوتی ہے کہ تمام اخراجات دیکر دو لاکھ روپیہ سال بچ رہتا ہے۔

اگر موسیقی کا شوق ہو تو ڈسٹارو جم برزیل میں جا کر رہیے۔ پندرہ ہزار آدمیوں کی آبادی اور ہر گھر میں خواہ وہ کیسا ہی غریب ہو کم از کم ایک پیانو موجود ہے۔ شہر کے باشندوں کا مذاق موسیقی اسقدر بڑھا ہوا ہے کہ وہاں کم از کم موسیقی کی ۲۰ سوسائیٹیاں ہیں اگر امن کامل کی خواہش ہو تو امریکہ کے شہر ناشوا میں سکونت اختیار کیجیے اسکی آبادی ۲۰ ہزار ہے نہ وہاں وکیل ہیں۔ نہ پادری۔ تجارت کا کام سارا کام گورنمنٹ کرتی ہے اور اسوجہ سے سکوں کی ضرورت نہیں ہوتی سڑکوں کی صفائی اور مرمت اہل شہر باری باری سے کرتے ہیں اور لوگ اسقدر امن پسند ہیں کہ وہاں پولیسمین کی ضرورت نہیں دکھائی دیتی۔

ہندوستان کی مصدقہ مردم شماری ہندوستان کی مردم شماری کے تفاصیل کی نظر ثانی ہو چکی ہے جس کے روسے ملک کی مردم شماری حسب ذیل ہے آسام اکسٹھ لاکھ چھبیس ہزار تین سو تینتالیس۔ بنگالہ ۷ کروڑ ۵۴ لاکھ ۳۴ ہزار ۸۶۶۔ بمبئی ایک کروڑ ۸۵ لاکھ ۱۵ ہزار ۵۸۷۔ مدراس دو کروڑ ۳۸ لاکھ ۹۹ ہزار ۱۹۲۔ ممالک مغربی و شمالی و اودھ چار کروڑ ۷۶ لاکھ ۹۱ ہزار ۷۸۲۔ پنجاب دو کروڑ ۲۴ لاکھ ۵۵ ہزار ۸۱۹ (نئے سرحدی صوبہ کی آبادی ۲۱ لاکھ ۲۵ ہزار ۴۸۰ ہے جو پنجاب کی آبادی سے خارج کر دینی چاہیے) بڑودہ کی آبادی ۱۹ لاکھ ۴۲ ہزار ۶۹۲ ہے بنگالہ کی ریاستوں کی آبادی ۳۷ لاکھ ۴۸ ہزار ۵۴۴ ہے پنجاب کی ریاستوں کی آبادی ۴۴ لاکھ ۲۴ ہزار ۳۹۸ ہے راجپوتانہ ایجنسی کی ریاستوں کی آبادی ۹۸ لاکھ ۲۳ ہزار ۳۶۱ ہے۔

افریقہ کی حالت۔ ایک جانب اطمینان دلانے والی چیزیں موصول ہوتی ہیں کہ معاملات جنوب افریقہ طے ہو رہے ہیں ہنوز آخر کا سلسلہ قائم ہو گیا ہے اور شخص کو اجازت دی گئی ہے کہ لوٹ خرید سے ہنڈیاں بھیجو۔ دوسری جانب اکثر ولایتی اہل الرائے کی رایوں کا خیال کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ حالت نازک ہے فتح بھی بھرتی ہو رہی ہے والنٹیر ابھی جمع کیے جاتے ہیں گھوڑے بھی بھیجے جاتے ہیں رسد بھی جمع کی جاتی ہے اور جسقدر رسوتا اور تانبا افریقہ کی کانوں سے نکل کر نہیں آیا ہوگا اس سے زاید وزن میں گولیاں پہاڑوں میں گلائی جا رہی ہیں۔ سرکاری فہرست مقتولین و مجروحین کو پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اور اسپر بھی ایک جانب سے اطمینانی ظاہر کی جا رہی ہے یہ کہ انگلستان کو آخر میں کامیابی ضرور نصیب ہوگی کہنا دشوار نہیں ہے مگر سوال یہ ہے کہ کب انگلستان جنوب افریقہ کی پیچیدگیوں سے نجات حاصل کریگا۔ اب اندازہ کیا جاتا ہے کہ اس آخری مہم کے بعد بوئروں کا بالکل قلع قمع ہو جائے گا اور آیندہ موسم بہار میں لارڈ کچنر صاحب لندن واپس آ سکیں گے۔ خدا کرے یہ امیدیں پوری ہوں اور لارڈ کچنر کی واپسی مثل لارڈ رابرٹس کی واپسی کے نہ ہو۔

اس عرصہ میں اہل الیایوں کی جسقدر تقریریں ہوئیں ان سے یہ ضرور پایا جاتا ہے کہ وزرا تنگ آ گئے ہیں اور جنگ کسی نہ کسی طرح سے ختم کرنا چاہتے ہیں۔ کچھ تو اس خیال سے ناراضی پیدا ہوئی ہے کہ ٹیکس کے بڑھانے کی پھر تجویز ہے اور تیاری بجٹ سال آیندہ کے موقع کا انتظار نہ کر کے تین ہفتہ کے بعد جب پارلیمنٹ کا افتتاح ہوگا مسائل متعلق اضافہ ٹیکس پیش ہونگے کچھ اس خیال سے کہ اب یہ ڈر نہیں ہے

کر ٹرنسوال فتح نہ ہو سکے گا بلکہ خوف ہے کہ حکومت کیونکر ہو گی ہندوستان اور ٹرنسوال کی نظیر دی گئی ہے۔ برہما اور ٹرنسوال کا مقابلہ کیا گیا ہے۔ مگر نظیروں کے دینے والے یہ نہیں خیال کرتے ہیں کہ ان ممالک کی رعایا اور ٹرنسوال کی رعایا میں زمین و آسمان کا فرق ہے صحیح ہے کہ بعد غدر تسلط ملک میں گورنمنٹ کو ایک سال صرف کرنا پڑا۔ برہما میں گورنمنٹ کو ڈکیتوں اور ستودہ پشتوں نے جو اپنے تئیں ملکی سردار بتاتے تھے دو سال تک ملک میں تسلط نہیں ہونے دیا۔ مگر یہ تو خیال نہ کیا جائے کہ سوائے ایک تعداد باغیوں کے رعایا نے کسی قسم کی مخالفت نہیں کی تھی بلکہ شرکت کی اور امن و امان اپنے لیے ضروری سمجھ کر باغیوں کا قلع و قمع کرایا۔ برہما میں تھیبو کے مظالم سے رعایا اسقدر تنگ آگئی تھی کہ اس نے باقاعدہ گورنمنٹ غنیمت سمجھکر خیر مقدم کیا۔ دس برس میں برہما کی ترقی پر رعایا کے قلب کی کیفیت کا اندازہ حکام کو خاص کے دورہ میں ہو گا جو حضور وائسرائے نے برہما میں کیا ہے۔ برہمی رعایا کو ٹرنسوال کی رعایا کا مقابلہ ہی کیا ہو سکتا ہے۔ پس جو اہل الرای یہ کہتے ہیں کہ پچاس ہزار فوج کی ضرورت ہو گی کہ ٹرنسوال میں تسلط ہو۔ وہ مطلق مبالغہ سے کام نہیں لیتے ہیں۔ یہ پہلو ہے جو اسوقت لبرل فریق کے سرگروہ کنسرویٹو فریق کے روبرو پیش کرتے ہیں۔ جس پہلو کو لفاظی نظر انداز نہیں کر سکتی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ صرف دو شخص صلح کے مخالف ہیں: لارڈ ملنر گورنر کیپ اور مسٹر چیمبرلین وزیر نوآبادیات جنگ۔ مگر یہ یقین کرنا دشوار ہے صلح کے راستہ میں بہت سی دقتیں ہیں جو ہم خوف کرتے ہیں کہ اس موسم بہار میں بھی مرتفع نہیں ہو جائینگی جس کے پہنچنے کی انگلستان کے اکثر مقامات میں فکر ہو رہی ہے

جلسہ تاجپوشی شہنشاہ معظم کی تحریک سے ہم کے پہلے اس خون خرابہ کو کسی طرح سے بند نہ ہونا چاہیے۔ یہ خواہش حضور کے عقیدت مند اور دعاگو رعایا کی ہو گی ایک تحریک اس قسم کی خواہش کے اظہار کو شروع ہونے والی ہے جس تحریک میں حضور کے تمام حصص دنیا میں پھیلی ہوئی رعایا بدل شریک ہو گی۔

اہل امریکہ کی زیادتی عمر۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کلجگ کے اثر میں ہندوستانیوں کی زندگی گھٹتی جاتی ہے مگر امریکہ میں کلجگ کا اثر نہیں ہے۔ جہاں انسان کی عمر بڑھ رہی ہے اور سب سے بڑھ کر قابل ذکر یہ بات ہے کہ بچوں کی موت کم ہوتی ہے پانچ سال سے کم عمر بچوں پر موسم کا زیادہ اثر پڑتا ہے جبتک توانائی اور قوت حاصل نہیں ہوتی ہے۔ بچے زیادہ تر خرابی صحت کے شکار ہو جاتے تھے کمی کی وجہ صاف ہے۔ اطمینان ہر ایکطرح آسایش مکان کی صفائی کے ساتھ غذا صاف ملتی ہے گھی کی جگہ گلو کا روغن کھانے میں نہیں آتا ہے۔ باشندگان کو اطمینان ہے۔ باشندے خوشحال ہیں اس باعث ضرورت اس کی نہیں رہ گئی ہے کہ جو کچھ انا پ شناپ ملا جائے معدہ میں ٹھونس لیں۔ ڈاکٹر اس خیال میں رہتے ہیں کہ کون غذا زود ہضم ہے حفظان صحت کے اصول کی پیروی ہوتی ہے۔ باشندگان کی انسانی زندگی پوری حد تک گذارتے ہیں متوسط درجہ والوں کی صحت امرا و غربا سے اچھی رہتی ہے اور یہ دستور کی بات ہے کہ جہاں انسان غربت میں اکثر کمی غذا کے باعث نقصان اٹھاتا ہے تو دوسری جانب زیادہ قیمتی غذا سے جو لازم ہے کہ ثقیل ہو نقصان اٹھاتا ہے۔

ڈھاکہ میں برقی روشنی۔ ڈھاکہ میں برقی روشنی کے افتتاح رسم بڑے فخر کار ادا کی گئی۔ عالی حضور نواب سر احسن الله بہادر کی فیاضانہ دریا دلی سے شہر ڈھاکہ کو یہ نعمت غیر مترقبہ نصیب ہوئی۔ اگر افسوس تھا تو صرف یہ کہ حضور لفٹننٹ گورنر بہادر بذات خود تشریف نہ لا سکے بجائے حضور ممدوح کے مسٹر بولٹن صاحب تشریف لائے۔ حضور نواب صاحب بہادر کیطرف سے استقبالی دعوت کا انتظام پہلے سے سرانجام کیا گیا تھا۔ احسن منزل کا وسیع ایوان نہایت خوبی و نزاکت سے سجایا تھا مسٹر بولٹن صاحب کی نشست ایک خاص مچان پر تھی جس کے سامنے داہنے بائیں کی قطاروں میں دیگر رؤسا و شرفا و سرکاری عہدہ داران قرینے سے رونق افروز تھے حضور نواب صاحب بہادر نے بذات خود استقبال کیا۔ آپ کیطرف سے مسٹر سیو سنح صاحب نے استقبالی تقریر کی مسٹر بولٹن صاحب نے دلچسپ جواب دیا۔ ہمیں خصوصاً نواب سر احسن الله بہادر کی عالیشان فیاضیوں اور رفاہ عام دریا دلیا کا قابل فخر تذکرہ تھا۔ خاتمہ تقریر پر مسٹر گارتھ صاحب کے کہنے سے مسٹر بولٹن صاحب بہادر نے ایک ستر کے پیچکو دبایا جو ان کے سامنے میز پر رکھا تھا دبانیکے ساتھ ہی تمام شہر ڈھاکہ میں ایسی عجیب و غریب روشنی سے دن ہو گیا کہ ویسی روشنی اہل ڈھاکہ نے آجتک نہ دیکھی تھی اس مہربانی کی یادگار میں حضور نواب صاحب بہادر کیطرف سے ایک طلائی قلم و منیش مسٹر بولٹن صاحب کو بطور تحفہ کے پیشکش کی گئی۔ اور پرتکلف دعوت تمام حاضرین کو بخشی نواب سر احسن الله بہادر نے شاہ عالم پناہ کا جام صحت تجویز کیا۔ تب آتشبازی کی کیفیت دیکھی گئی جسکے بعد یادگاری جلسہ برخاست ہوا۔ تمام شہر ڈھاکہ کے زن و مرد بوڑھے بچے اس روشنی اجرا پر بشاش ہیں

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں میڈیکل کالج کے پروفیسروں - نامور ڈاکٹروں اہالیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لئے اکسیر ہے - ضعف بصارت - تاریکی چشم - دھند - جالا پڑبال - غبار - پھولا - سرخی - ابتدائی موتیا بند - ناخنہ - پانی جانا - خارش وغیرہ - معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے آنکھ کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہیں - چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہیں رہتی بچے سے لے کر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اس لئے کم رکھی ہے کہ عام و خاص اس سرمہ سے فائدہ اٹھا سکیں **قیمت** فی تولہ جو سال بھر کے لئے کافی ہے مبلغ دو (۲) روپیہ ممیرے کا سفید سرمہ اعلےٰ قسم فی تولہ مبلغ تین (۳) روپیہ ہے خاص ممیرہ قیمتاً میں عنایت ہوگا - مصری سرمہ فی تولہ ۴ - خرچ ڈاک بذمہ خریدار -

المشتہر پروفیسر مہا سنگھ اہلووالیہ بمقام بٹالہ ضلع گورداسپور پنجاب

ان بزرگوں کے سرٹیفکیٹ جنہوں نے تجربہ کیا

(۱) میں بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہوں کہ ممیرے کا سرمہ جو سردار مہا سنگھ اہلووالیہ نے ایجاد کیا ہے بڑی بیش قیمت اور مفید دوا ہے بالخصوص مفصلہ ذیل امراض کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے آنکھوں سے پانی کا جانا دھند - سوزش ہر قسم جسکو عموماً آنکھ آنا کہتے ہیں - جلن اور سرخی - نظر ناخنہ باہر اور اندر کی جلی کا زخم وران سے پیپ کا گرنا چونکہ اس سرمہ میں کوئی مضر کیمیاوی شے نہیں ہے اس لئے ہر کسی کے لئے اسکا استعمال مفید ہے مفصلات میں جہاں لائق ڈاکٹروں کا ملنا مشکل ہے وہاں ایسی مفید دوا کو ضرور پاس رکھنا چاہیے اسکے بلا شک میں شہادت دیتا ہوں کہ مذکورہ بالا امراض کے لئے ممیرے کا یہ سرمہ ضروری مفید ہے

راقم ڈاکٹر ایم - بی - سانگلی صاحب بہادر ایم - ڈی - ایم - ایس - سند یافتہ یونیورسٹی ایڈنبرگ - (انگلینڈ) امرتسر

(۲) میں بڑی خوشی سے ممیرے کے سرمہ کو فائدہ بخش ہونے کی نسبت شہادت دیتا ہوں کہ جو سردار مہا سنگھ صاحب اہلووالیہ نے تیار کیا ہے میں نے اسکا تجربہ اپنی پریکٹس میں بعلاج مریضہ مسماۃ اودھم دئی عمر ۴۰ سالہ ساکنہ لاہور پر کیا ہے مریضہ مذکور کی آنکھوں کی پلکوں میں خورد خورد دانے نکلے ہوئے تھے اس کی آنکھیں عرصہ سے سرخ اور دکھتی ہوئی تھیں ان میں اکثر سوزش رہتی تھا اسکی بینائی میں اسقدر ضعف آگیا تھا کہ سوئی میں دھاگہ بھی نہیں پرو سکتی تھی اور وہ ان اشیاء کو جو اس کے بہت قریب رکھی جاتی تھیں صاف طور پر نہیں دیکھ سکتی تھی مریضہ کو پورے تین ہفتہ تک سرمہ کا استعمال کرایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام امراض کو اس کی صحت پائی

راقم خان بہادر ڈاکٹر محمد حسین ایل - ایم - ایس - اسسٹنٹ سرجن پنشنر و آنریری مجسٹریٹ لاہور سابق پروفیسر میڈیکل کالج لاہور

(۳) بیخ ممیرے کا سرمہ جو سردار مہا سنگھ نے تیار کیا ہے ان مریضوں پر کہ جنکی آنکھیں بہت کمزور اور بیمار تھیں استعمال کر کے دیکھا مفید پایا میری رائے میں خاصکر ان مریضوں کو واسطے جنکی آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہو اور جو ضعف بصارت اور کمزوری کا نظر ہو یہ سرمہ نہایت ہی مفید ہے

راقم - ڈاکٹر مرزا جمیل محمد اسحٰق بہادر ایل ایم - ایس - اسسٹنٹ سرجن و پروفیسر میڈیکل کالج لاہور - حال آنریری سرجن گورنر جنرل ہند

اگر کوئی شخص ممیرے کے سرمہ کی سندات میں سے جو قریب پانچ ہزار کے ہیں ایک کو بھی فرضی ثابت کر دے تو اسکو مبلغ پانچ ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا جو لاہور کے پنجاب بینک میں بطور ضمانت کے جمع کیا گیا ہے

مارچ سنہ ۱۸۹۸ء میں جمع کیا گیا ہے ۔

دھویا ہوا پھر کبھی میلا اور ناپاک نہیں ہوتا اور انھیں وہ شربت پلایا جاتا ہے جسکے پینے والا کبھی پیاسا نہیں ہوتا انھیں وہ زندگی عطا ہوتی ہے جسپر کبھی موت وارد نہیں ہوتی انھیں وہ جنت دیا جاتا ہے جس سے کبھی نکلنا نہیں ہوتا برخلاف اس کے وہ لوگ جو اس چشمہ سے سیراب نہیں ہوتے اور خدا کے ہاتھوں نے جسکا مسح نہیں ہوتا وہ خدا سے دور جاتے ہیں اور شیطان کے قریب جاتے ہیں انھوں نے خدا کی طرف آنا چھوڑ دیا ہے + اور یہی وجہ ہے کہ ان میں تسلی کی کوئی راہ باقی ہے نہ اُن کے پاس دلائل ہیں اور نہ تاثیرات۔

ایک عیسائی سے اگر پوچھا جائے کہ تو جو دعوی کرتا ہے کہ مسیح کے خون سے میرے گناہ پاک ہوگئے ہیں تیرے پاس اسکا کیا ثبوت ہے؟ وہ کونسے خوق العادت امور تجھمیں پیدا ہوے ہیں جنھوں نے ایک غیر معمولی خدا ترسی اور نکوکاری کی روح تجھ میں پھونک دی ہے تو وہ کچھ جواب نہ دے سکے گا برخلاف اس کے اگر کوئی مجھ سے پوچھے تو میں اسکو ان خارق عادت امور کا زبردست ثبوت دیسکتا ہوں اور اگر کوئی طالب صادق ہو اور اسمیں شتاب کاری اور بدظنی کی قوت بڑھی ہوئی نہ ہو تو میں اسے مشاہدہ کرا سکتا ہوں۔

بعض امور ایسے ہوتے ہیں کہ اگر ان کے دلائل نہ بھی ملیں تو ان کی تاثیرات بجائے خود انسان کو قائل کر دیتی ہیں اور وہی تاثیرات دلائل کے قائمقام ہو جاتی ہیں + کفارہ کے حق ہونیکے اگر وہ دلائل عیسائیوں کے پاس نہیں ہیں جیسا کہ وہ کہدیا کرتے ہیں کہ یہ بھی ایک راز ہے تو ہم پوچھتے ہیں کہ وہ ان تاثیرات ہی کو پیش کریں جو کفارہ کے اعتقاد نے پیدا کی ہیں۔ یورپ کی اباحتی زندگی دور سے ان تاثیرات کا نمونہ دکھا رہی ہے۔ اس سے بڑھ کر وہ کیا پیش کرینگے اور یہ ایک عقلمند کے سمجھ لینے کے واسطے کافی ہے کہ کیا اثر ہوا؟

ایک اور بات ہے جو یاد رکھنے کے قابل ہے۔ جسپر غور نہ کرنے کی وجہ سے بعض آدمیوں کو بڑے بڑے دھوکے لگے ہیں اور وہ جادہ مستقیم سے بھٹک گئے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ انسان کی پیدایش ایک قسم کی نہیں ہے۔

جیسا بوٹیاں ہزاروں قسم کی ہوتی ہیں اور جمادات میں بھی مختلف قسمیں پائی جاتی ہیں کوئی چاندی کی کان ہے کوئی سونے کی کوئی پیتل اور لوہے کی اسی طرح پر انسانی فطرتیں مختلف قسم کی ہیں بعض انسان ایک قسم کی فطرت رکھتے ہیں کہ وہ ایک گناہ سے نفرت کرتے ہیں اور بعض کسی اور قسم کے گناہ سے۔

